بسم الله الرحمن الرحیم

۷۴۰

## معاونت پژوهش


سرشناسه: وحیدی، محمد، ۱۲۹۵ - ۱۳۷۹.
عنوان قراردادی: احکام بانوان .اردو
عنوان و نام پدیدآور: احکام خواتین/ محمد وحیدی ؛ مترجم سیدشمع‌محمد رضوی.
مشخصات نشر: قم : مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله، ۱۳۹۳.
مشخصات ظاهری: ۱۵۲ ص.؛ ۵/۱۴ علیه السلام ۵/۱۷س‌م.
فروست: مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله؛ ۵پ/۱۳۹۳/۲۴.
معاونت پژوهش؛ ۲.
شابک: ۵-۸۲۱-۱۹۵-۹۶۴-۹۷۸
وضعیت فهرست نویسی: فیپا
یادداشت: اردو.
موضوع: زنان (فقه)
موضوع: فقه جعفری -- رساله عملیه
شناسه افزوده: رضوی، سیدشمع‌محمد، ۱۹۷۳ - م.، مترجم
شناسه افزوده: جامعة المصطفی العالمیة. مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی الله علیه و آله
رده بندی کنگره: ۱۳۹۳ ۳۰۴۶الف۳و/BP۱۸۹
رده بندی دیویی: ۲۹۷/۳۶
شماره کتابشناسی ملی: ۳۴۷۶۷۸۴

# احکام خواتین

محمد وحیدی

مترجم:
سید شمع محمد رضوی

مرکز بین المللی
ترجمه و نشر المصطفیﷺ

# احکام خواتین

**مؤلف:** محمد وحیدی

**مترجم:** سید شمع محمد رضوی

**چاپ اول:** ۱۳۹۳ش / ۱۴۳۵ق

**ناشر:** مرکز بین‌المللی ترجمه و نشر المصطفی صلی‌الله‌علیه‌وآله

● **چاپ:** نارنجستان ● **قیمت:** ۸۰۰۰۰ ریال ● **شمارگان:** ۳۰۰



**جمله حقوق بحق ناشر محفوظ هی**



● قم، چهارراه شهدا، خیابان معلم غربی(حجتیه)، نبش کوچه ۱۸. تلفکس: ۹ـ۳۷۸۳۹۳۰۵ـ۰۲۵

● قم، بلوار محمدامین، سه‌راه سالاریه. تلفن: ۳۲۱۳۳۱۰۶ـ۰۲۵ ـ فکس: ۳۲۱۳۳۱۴۶ـ۰۲۵

● تهران، خیابان انقلاب، بین خیابان وصال شیرازی و قدس، نبش کوچه اسکو، پلاک ۱۰۰۳. تلفن: ۶۶۹۷۸۹۲۰ـ۰۲۱

● مشهد، خیابان امام رضا علیه‌السلام، خیابان دانش شرقی، بین دانش ۱۵ و ۱۷. تلفن: ۸۵۴۳۰۵۹ـ۰۵۱۱

pub.miu.ac.ir    miup@pub.miu.ac.ir



ہم ان افراد کے قدرداں اور شکرگذار ہیں کہ جنھوں نے اس کتابچہ کی ترتیب وتألیف میں یاری فرمائی ہے

# عرض ناشر

﴿الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ عِوَجًا﴾ والصَّلوةُ والسَّلام عَلى النَبّي الأمين مُحَمد وَآلهِ الهُدَاةِ المَهدِيينَ وَ عِترَته المُنتَجِبين وَاللَّعنةُ عَلى اَعدَاء الدِين إِلى قِيَامِ يَومِ الدِين .

اسلامی علوم کا قدیمی مرکز ''حوزہ علمیہ '' گذشتہ چودہ سوسال کے دوران اپنے بنیادی علوم جیسے فقہ، کلام، فلسفہ، اخلاق اوراپنے ضمنی علوم جیسے رجال، درایہ اور قضاوت وغیرہ کے بارے میں کئی مرتبہ نشیب وفراز سے دوچار ہوا ہے۔

انقلاب اسلامی ایران کی عظیم الشان کامیابی اور ارتباطات کے اعتبار سے دنیا کا گلوبل ویلیج ''Global village''بننے کے بعد بے شمار سوالات خصوصاً علوم انسانی سے متعلق جدید معموں نے اسلامی مفکرین کی افکار کو اپنی گرفت میں لے لیا۔

موجودہ دور میں اسلامی حکومت کا نظام سنبھالنے اور پیچیدہ ومشکل امور کو اپنے ذمہ لینا ہی ایسی دشواریوں کا سبب بنا ہے۔

کیونکہ مملکت کا نظام چلانے کے لئے ہر جگہ اور ہر اعتبار سے دین اور سنت کی مکمل پاسداری کو ملحوظ رکھنا بہت ہی سخت اور مشکل کام ہے، اس لئے دین کے بارے میں بین الاقوامی معیار کو مد نظر رکھتے ہوئے انتہائی دقت اور عقل سلیم کے ساتھ وسیع مطالعہ، جامع اور جدید تحقیقات

اور عملی اقدام انتہائی ضروری ولازمی ہیں، ایسی صورت میں دینی محققین کوہر طرح کے فکری اور تربیتی انحراف سے بچانا بہت اہم ہے۔

جس کی طرف اس شجرہ طیبہ کی بنیاد رکھنے والے تمام بزرگوں بالخصوص انقلاب اسلامی ایران کے عظیم الشان معمار حضرت امام خمینی اور مقام معظم رہبری حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ امام خامنہ ای مد ظلہ العالی نے خاص توجہ دی ہے۔

اس سلسلے میں جامعۃ المصطفیٰ ﷺ العالمیۃ نے اس اہم ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے حقیقی اسلام کے علوم ومعارف کی نشر واشاعت کے لئے مرکز بین المللی ترجمہ ونشر المصطفیٰ ﷺ کی بنیاد رکھی ہے۔

فاضل محترم محمد وحیدی کی یہ تحریری کاوش کسی حد تک ان اعلی مقاصد کے حصول کے لئے ایک اہم قدم ہے۔

آخر میں ہم ان تمام دوست واحباب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جو اس کتاب کی نشر واشاعت میں شریک تھے بالخصوص سید شمع محمد رضوی اعظمی کے شکر گذار ہیں جنھوں نے اس کتاب کو اردو کے ترجمہ سے آراستہ کیا ہے، خداوند عالم ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔

ارباب فضل ومعرفت سے گذارش ہے کہ ہمیں اپنے قیمتی مشوروں سے ضرور نوازیں۔

**مرکز بین المللی**

**ترجمہ ونشر المصطفیٰ ﷺ**

# فہرست


ادار یہ ........................................................ ۱۱

مقدمہ ........................................................ ۱۵

پہلا سبق ........................................................ ۱۹

حیض ........................................................ ۱۹

دوسرا سبق ........................................................ ۲۹

تشخیص حیض کا طریقہ ........................................................ ۲۹

تیسرا سبق ........................................................ ۳۷

حیض کے بعض احکام ........................................................ ۳۷

چوتھا سبق ........................................................ ۴۱

وہ چیزیں جو حیض کی وجہ سے واجب ہوتی ہیں ........................................................ ۴۱

پانچواں سبق ........................................................ ۴۷

خون نفاس ........................................................ ۴۷

**چھٹا سبق** ........................................ ۵۵

استحاضہ ........................................ ۵۵

**ساتواں سبق** ........................................ ۶۱

استحاضہ قلیلہ کے متعلق اہم نکات ........................................ ۶۱

**آٹھواں سبق** ........................................ ۶۷

غسل کا طریقہ ........................................ ۶۷

**نواں سبق** ........................................ ۷۱

غسل کے صحیح ہونے کی شرطیں ........................................ ۷۱

**دسواں سبق** ........................................ ۷۵

محرم و نامحرم ........................................ ۷۵

**گیارہواں سبق** ........................................ ۸۱

دودھ پلانے کے شرائط ........................................ ۸۱

**بارہواں سبق** ........................................ ۸۷

دودھ پلانے سے محرمیت ثابت ہونے کے طریقے ........................................ ۸۷

**تیرہواں سبق** ........................................ ۹۱

حجاب کے مسائل ........................................ ۹۱

**چودہوں سبق** ........................................ ۹۵

نماز میں عورتوں کے لباس کی شرطیں ........................................ ۹۵

پندرہواں سبق ............................................................ ۹۹
نامحرم پر نگاہ کرنے کے احکام ............................................ ۹۹
سولہواں سبق ............................................................ ۱۰۳
نامحرم سے بات کرنا ...................................................... ۱۰۳
سترہواں سبق ............................................................ ۱۰۷
والدین کے قضا اعمال (چھوٹے ہوئے) ........................................ ۱۰۷
اٹھارہواں سبق ........................................................... ۱۱۵
وہ موارد جہاں عقد کو بغیر طلاق کے فسخ کیا جاسکتا ہے ........................ ۱۱۵
انیسواں سبق ............................................................ ۱۲۱
مرد کے مخصوص عیوب و نقائص ............................................ ۱۲۱
بیسواں سبق ............................................................. ۱۲۷
مہر ...................................................................... ۱۲۷
اکیسواں سبق ............................................................ ۱۳۳
جہیز ..................................................................... ۱۳۳
بائیسواں سبق ........................................................... ۱۳۹
حضرت آیۃ اللہ خامنہ ای مدظلہ کے خاص فتاوے .............................. ۱۳۹
تیئیسواں سبق ............................................................ ۱۴۳
حضرت آیۃ اللہ سیستانی مدظلہ کے خاص فتاوے (الف) ........................ ۱۴۳
چوبیسوا سبق ............................................................ ۱۴۹
حضرت آیۃ اللہ سیستانی مدظلہ کے خاص فتاوے (ب) .......................... ۱۴۹

# اداریہ

ابتدا ہی سے اسلام علم و دانش کا حمایتی اور طرفدار رہا ہے اس نے حصول علم کو ہر شخص کا فریضہ قرار دیا، علم وادب کی ترویج اور ہر ایک کو زیور تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے کی خاطر علم چھپانے کو حرام قرار دیا ایک طرف۔ اساتذہ کو شاگردوں کی تعلیم پر آمادہ کیا تو دوسری طرف تشنگان علم کو علم وادب کی طرف تشویق اور ترغیب دلائی۔

بانی اسلام نے نہ صرف قولاً علم و دانش کی ترویج کی بلکہ عملی طور پر اس بات کی کوشش کرتے رہے کہ مسلمانوں کی علمی سطح وسیع سے وسیع تر ہو جائے۔ تاریخ سے ایک نمونہ پیش کررہا ہوں جس سے آپ اندازہ کرسکیں گے کہ حضور سرکار کائناتؐ مسلمانوں کو جہالت کی تاریکی سے نکال کر علم کی روشنی میں لانے کے لئے کس قدر کوشاں تھے۔

''جنگ بدر سے کامیاب ہوکر جب مسلمان پلٹے تو ان کے ساتھ اچھی خاصی تعداد مشرک قیدیوں کی تھی، ان میں کچھ ایسے قیدی بھی تھے جو فدیہ دے کر خود کو

آزاد کرانے پر قادر نہیں تھے لیکن پڑھنا لکھنا جانتے تھے لہذا رسول اسلامؐ نے فرمایا: فدیہ کے عوض یہ مشرک اپنی دس دس مسلمانوں کو لکھنا پڑھنا سکھائیں تو وہ آزاد کردیئے جائیں گے۔ پھر کیا تھا مشرکوں نے اپنی آزادی کے لئے پوری لگن کے ساتھ مسلمانوں کو تعلیم دینا شروع کردیا اس طرح مسلمانوں کا اچھا خاصا طبقہ لکھنے پڑھنے کی نعمت سے سرفراز ہوگیا۔"

اسلام کا ہمیشہ طرۂ امتیاز یہ رہا ہے کہ اس نے کبھی بھی صرف حصول علم کی ترغیب نہیں دلائی بلکہ حاصل کئے ہوئے علوم و معارف کو دوسروں تک پہونچانے پر بھی بہت زور دیا ہے، امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں:

**"فمن هداه (الجاهل) و ارشده و علمه شريعتنا كان معنا فى الرفيق الاعلىٰ"**

"جو بھی کسی جاہل کی رہنمائی کرے اور اس کو شریعت اسلام کی تعلیم دے تو وہ خدا کے نزدیک ہم اہل بیتؑ کے ہمراہ ہوگا"۔

اس سلسلہ میں اور بھی بہت سی حدیثیں موجود ہیں کہ جن میں صرف حصول علم ہی کی نہیں بلکہ دوسروں کو بھی زیور علم سے آراستہ کرنے کی تاکید کی گئی ہیں۔

"قرآن وعترت فاؤنڈیشن" نے آج کے مسلم معاشرے میں علم دین سے جوانوں کی بے رغبتی اور بے توجہی کو دیکھتے ہوئے محسوس کیا کہ اگر علم کی شمع روشن نہ کی گئی تو یہ جوان نسل علم دین سے دور ہوتی چلی جائے گی وہ علم بے سود ہے جو صرف اپنی ذات تک محدود رہے۔! قابل تحسین و لائق صد آفرین ہیں وہ علماء جن کے علم سے دوسرے بھی فائدہ اٹھائیں۔

ائمہ اطہارؑ کی بے پناہ تاکید اور اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ہم نے جوانوں کو دینی تعلیم سے بہرہ مند کرنے کے لئے دروس کا ایک نیا سلسلہ شروع کرنے کا ارادہ کیا لیکن کسی بھی نئے کام کے شروع کرنے میں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ ارباب نظر سے پوشیدہ نہیں۔ خاص طور سے جب کسی دینی کام کو شروع کیا جاتا ہے تو بہت ساری مشکلات سامنے آتی ہیں وہ ہمارے سامنے بھی آئیں ہم نے ان کا خندہ پیشانی کے ساتھ مقابلہ کیا۔

سبق کیسے لکھا جائے...انھیں کس انداز سے ترتیب دیا جائے...ترتیب شدہ درس کو کس طرح پیش کیا جائے ...پھر اگر ان مقدمات کو فراہم بھی کر لیا جائے تو کہاں، کیسے اور کیوں کر یہ دروس شروع ہوں۔اس کے علاوہ جوانوں کی بنیادی مشکلات دنیوی امور میں بے پناہ مصروفیت، چونکہ یہ دروس خاص طور سے انھیں کے لئے ترتیب دیئے گئے ہیں اس لئے جوانوں کے وقت اور حالات کو بھی پیش نظر رکھنا بہت ضروری تھا۔

انہی وجوہات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک نیا درسی سلسلہ شروع کرنا اور اسے جاری رکھنا بہت مشکل مرحلہ تھا لیکن ہم نے خداوند عالم پر توکل کیا تو اس کی توفیق بھی ہمارے شامل حال ہوئی۔ لہذا ہم نے ہر مشکل کو پس پشت ڈالتے ہوئے اپنے ارادوں کو عملی صورت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔

عقائد، اخلاق اور احکام، دین اسلام کے تین اساسی علوم ہیں اور حقیقتاً دین اسلام انہی علوم کا مجموعہ ہے۔ لہذا خصوصی شکل میں اسب سے پہلے ہم نے انہی علوم

پر مشتمل دروس کو مرتب کیا پھر بر بناء ضرورت عمومی دروس کا سلسلہ جاری رکھا تا کہ ہمارے نو جوان دین کی بنیادوں سے آشنا ہوسکیں۔ کتاب حاضر ''احکام خواتین'' جو چوبیس دروس پر مشتمل ہے اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے کہ حجۃ الاسلام والمسلمین محمد معراج حیدر خان نے حجۃ الاسلام والمسلمین آقای وحیدی کی تین جلدی احکام دختران سے مطالب لے کر اسکا ترجمہ کیا اور اس کی ترتیب وتصحیح اور اسے درسی شکل دے کر قرآن وعترت فاؤنڈیشن نے پیش کرنے کی کوشش کی ہے، خداوند عالم انکی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔

آخر میں ہم بارگاہ خداوند منان میں دعا گو ہیں کہ ہماری بچیاں ان کلاسوں کے ذریعے اسلامی تعلیمات سے بخوبی آشنا اور عمل پیرا ہوسکیں۔

**والسلام علی من اتبع الھدی**

سید شمع محمد رضوی بھیک پوری
بانی وسکریٹری: قرآن وعترت فاؤنڈیشن
(علمی مرکز مدرسہ حجتیہ قم، ایران)